خاتون بھی صدر مملکت بن سکتی ہے؟ | دستور ساز اسمبلی نے حال ہی میں یہ فیصلہ کیا ہے۔ کہ خاتون بھی صدر مملکت اسلامیہ بن سکتی ہے۔ ایسی حالت میں یا تو ایسی صورت نکالنا ہوگی جس سے خاتون جمعہ کی نماز امامت کے فرائض بجالا سکے یا اسمبلی کے اس فیصلے کو بدلنے کی کوشش کرنا ہوگی۔ عوام کے منتخب ارکان کا فریضہ ہوگا۔ کہ اس مسئلہ کے فوری حل کو پیش نظر رکھیں۔

(محمد حسین حاجی ایم اے۔ لاہور)

---

تبلیغی جماعت | مولانا محمد الیاس مرحوم اور ان کے رفقاء اور متبعین کی تبلیغی جماعت مخصوص انداز میں تبلیغ و اشاعت اسلام کا کام کر رہی ہے، ہم جیسوں کی رہنمائی کیلئے اس طرز تبلیغ کی اہمیت کو الحق میں جگہ دیں۔

(عبدالستار الیس، ٹی، ایم. سرگودہا)

---

درس حدیث | احقر کئی سالوں سے الحق کا خریدار ہے، اس کے معیاری بنانے کے لئے آپ کے مساعی اللہ تعالیٰ قبول کرے۔ الحق میں درس حدیث کے عنوان سے ایک مستقل عنوان شروع کیجئے جس میں حدیث کی معنوی اصطلاحی تشریح راوی کے حالات حدیث کے فقہی مسائل وغیرہ شامل کئے جاتے رہیں۔

(محمد سالک خطیب مسجد رحمانیہ۔ لاہور)

---

فضلاء مدرسہ عربیہ نیو ٹاؤن کراچی | قدیم طلباء کی ایک انجمن تشکیل دی جارہی ہے۔ مدرسہ کے فضلاء اپنے پتے فوری بھیجدیں تاکہ ان کو دعوت نامے بھجوائے جاسکیں۔

(میر عالم خان بخاری مدرسہ عربیہ نیو ٹاؤن کراچی)

---

مولانا محمد ولی اللہ کی وفات | مولانا مرحوم مہتمم دارالعلوم اسلامیہ نادان شہید نزد اکبر پورہ، مورخہ ۲۷ محرم وفات پاگئے آپ مثنوی مولانا روم کے حافظ تھے۔ مولانا احسان اللہ صاحب کو آپ کا جانشین مقرر کیا گیا۔

(ایک غمزدہ)

---

محدث کا رسول مقبول نمبر | ماہنامہ محدث لاہور۔ منفرد علمی اور نرالی آب و تاب کے ساتھ مشاہیر علماء امت، ارباب فکر، شعراء اور مشاہیر اہل قلم کے مطبوعہ و غیر مطبوعہ نگارشات اپنی جلوہ میں